منسٹر ہیلتھ محترم جناب عبدالقادر پٹیل کا
عالمی ہفتہ برائے حفاظتی ٹیکہ جات، 2023
کے موقع پر پیغام

دنیا بھر میں 24 اپریل سے 30 اپریل تک عالمی ہفتہ برائے حفاظتی ٹیکہ جات منایا جاتا ہے۔ یہ ہفتہ دنیا بھر کے لوگوں کو اکٹھے کرتا ہے تاکہ ویکسینوں کی اہمیت کو اجاگر کیا جائے اور یہ بتایا جائے کہ ویکسین بچوں کو جان لیوا بیماریوں سے کیسے بچاتی ہیں،اور ہمیں موقع دیتی ہیں کہ ہم ایک خوشحال اورصحت مند زندگی گزاریں۔

ہر سال فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف امیونائزیشن ،وزارت نیشنل ہیلتھ سروسز ریگولیشنز و کوآرڈینیشن کی قیادت میں اور تمام صوبائی ای پی آئیز اور دیگر شراکت داروں کے تعاون سے پورے پاکستان میں حفاظتی ٹیکوں کا عالمی ہفتہ مناتا ہے۔

اس سال کے ورلڈ امیونائزیشن ویک کا موضوع 'دی بگ کیچ اپ' (The Big Catch up)ہے۔ حفاظتی ٹیکوں کا عالمی ہفتہ 2023 ضروری حفاظتی ٹیکے لگانے میں عالمی سطح پر ہوئی کمی کوپورا کرنے کا برا موقع ہے۔

ورلڈ امیونائزیشن ویک 2023 مہم کے اہم مقاصد مندرجہ زیل ہیں:

- ویکسین کی قبولیت بڑھانے کے لئے اس پر لوگوں کے اعتماد اور بھروسے میں اضافہ کرنا۔
- معمول کے حفاظتی ٹیکہ جات کی ویکسین میں سرمایہ کاری میں اضافہ کرنا تاکہ ان تک رسائی بڑھائی جاسکے۔

اس ہفتے کو منانے کا بنیادی مقصد '' بچوں کو حفاظتی ٹیکوں لگانے کے شعور کو اجاگر کرنا '' ہے۔ لہٰذا میں اس موقع پر تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے تمام بلواسطہ اور بلاواسطہ اسٹیک ہولڈرز (مذہبی رہنماؤں، تعلیمی اداروں، ڈاکٹروں، میڈیکل فورمز، صحافیوں، غیر سرکاری تنظیموں / سی بی اوز، ارکانِ پارلیمان ، ایف بی اوز، پارٹنر اور ڈونر آرگنائزیشنز، ، سرکاری محکموں، رضاکاروں اور خاص طور پر والدین اور ہیلتھ کیئر ورکرز، وکلاء و دیگر) پر زور دیتا ہوں کہ وہ یونیورسل امیونائزیشن کوریج (100 فیصد مکمل حفاظتی ٹیکے لگے ہوئے بچوں) کے ہمارے حتمی ہدف کے حصول میں ہماری مدد کریں۔

حفاظتی ٹیکوں کے عالمی ہفتے کے پیغامات میں تمام والدین پر زور دیا گیا ہے کہ وہ اپنے بچے کو 6 دوروں میں 12 مہلک بیماریوں کے خلاف ٹیکے لگوائیں ۔

ورلڈ امیونائزیشن ویک کے موقع پرہم حفاظتی ٹیکوں سے متعلقہ تمام صوبائی/ علاقائی توسیعی پروگراموں ای پی آئی، پی ای آئی ایمرجنسی آپریشنز سینٹرز، ڈونر اور پارٹنر اور بہت سے دیگر قومی اور بین الاقوامی شراکت داروں کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

حکومت محفوظ اور موثر ویکسین کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے پرعزم ہے۔ وزارت صحت بچوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنے کیلئے عملی اقدامات کو یقینی بنارہی ہے ۔دوردراز اور پسماندہ علاقوں کی ویکسینیشن کی رسائی میں فرنٹ لائینز ورکرز کا اہم کردار ھے۔ ولیو آج بھی بہت سارے بچوں کے مستقبل کے لیے خطرہ ہے۔ عالمی ہفتہ برائے حفاظتی ٹیکہ جات میں بچوں تک پولیو کے حفاظتی قطروں کی رسائی کو یقینی بنایں۔ حکومت عوام کو بیماریوں اور وباؤں سے محفوظ رکھنے کیلئے تمام تر ضروری اقدامات کر رہی ہے ۔ ورلڈ امیونائزیشن ویک کا حتمی مقصد زیادہ سے زیادہ بچوں کو حفاظتی ٹیکوں کے ذریعے روک تھام کی قابل بیماریوں سے محفوظ رکھنا ہے تاکہ وہ خوش حال اور صحت مند زندگی گزار سکیں۔